پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

01/12/2021

غذائیت مہم کے تحت آنگن باڑی رضا کاروں اور آنگن باڑی معاونین کیلئے ماہانہ اعزازیہ دیئے جانے کے ضمن میں رہنما ہدایات جاری

لکھنؤ: یکم دسمبر ۲۰۲۱ء-

ریاستی حکومت کے ذریعہ غذائیت مہم کے تحت آنگن باڑی رضا کاروں اور آنگن باڑی معاونین کیلئے ماہانہ اعزازیہ (monthly incentive) دئے جانے کے ضمن میں رہنما ہدایات جاری کی گئی ہیں۔اس ضمن میں اطفال ترقیات اور مقوی غذا کے ذریعہ سرکاری حکم نامہ جاری کردیا گیا ہے۔

حکم نامہ کے مطابق ڈائرکٹر سی پی ایم یو، غذائیت مہم، وزارت خواتین اور اطفال ترقیات حکومت ہند کے ذریعہ آنگن باڑی رضا کاروں/معاونین کو ماہانہ اعزازیہ پیمانہ (Criteria) طے کیے گئے ہیں، جس میں مورخہ یکم اپریل 2021 سے 31 اکتوبر 2021 تک کیلئے آنگن باڑی رضا کاروں کیلئے پوشن ٹریکر ایپ ڈاؤن لوڈ کرنا اور امیدواروں کو ڈاٹا اپ-لوڈ کرنا۔امیدواروں کو گھر-گھر جا کر ٹیک ہوم راشن (ڈی ایچ آر) تقسیم کرنا۔بجکہ آنگن باڑی معاونین کے واسطے کووِڈ-19 کے دوران آنگن باڑی رضا کاروں کو ٹیک ہوم راشن تقسیم میں مدد اور دیگر تعاون فراہم کرنا ہے۔

سرکاری حکم نامہ کے مطابق مورخہ یکم نومبر 2021 کے بعد آنگن باڑی رضا کاروں کیلئے گروتھ مانیٹرنگ: ہر مہینے آنگن باڑی مراکز میں رجسٹرڈ چھ سال سے کم، 80 فیصد عام، انڈرویٹ، سیم، میم، اسٹنٹیڈ اور ویسٹیڈ بچوں کو شمار کیا گیا ہے۔ہوم ویزٹ: ہوم ویزٹ شیڈیول کے مطابق حاملہ خواتین، دودھ پیلانے والی خواتین اور دوسال تک کے بچوں کا کم سے کم 60 فیصد ہوم ویزٹ۔اسی طرح آنگن باڑی معاونین کیلئے آنگن باڑی کھلونا، ہر مہینے کم از کم 21 دن آنگن باڑی مرکز کھولنا (پوشن ٹریکر کی اطلاع پر مبنی) ہے۔

حکم نامہ کے مطابق آنگن باڑی رضا کاروں کے ذریعہ پیمانوں کو پورا کرنے پر 500 روپئے کی رقم دی جائیگی۔ اسی طرح آنگن باڑی معاونین کے ذریعہ مذکورہ بالا پیمانوں کو پورا کرنے پر 250 روپئے کی رقم دی جائیگی۔ماہانہ کارکردگی حوصلہ افزائی (monthly performance incentive) کے پیمنٹ عمل کے تحت مورخہ یکم اپریل 2021 سے 31 اکتوبر 2021 تک ماہانہ کارکردگی حوصلہ افزائی آئی سی ڈی ایس مکھیہ سیویکا/اطفال ترقیات پروجیکٹ افسر کے ذریعہ ان کے مصدقہ ریکارڈ/رپورٹ/اطلاعات کی بنیاد پر یکجا کیا جائیگا۔مورخہ یکم نومبر 2021 کے بعد آنگن باڑی رضا کاروں/معاوینین کیلئے ماہانہ کارکردگی حوصلہ افزائی عمل کی تقلید کی جائیگی۔

☆☆☆☆☆